# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سمیع مصطفیٰ

چوتھی جماعت کے لئے



| | | |
|---|---|---|
| موسیقی خوش رہنے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کے علاوہ یہ شوق بچوں کے لئے تدریسی مصروفیات کا ذریعہ بھی ہے۔<br>کتاب بینڈ باجا شروع کر وانے سے پہلے ٹیچر کئی مرتبہ کتاب کو پڑھ لیں۔ تاکہ وہ خود بھی سوچ سکیں کہ اس کو دلچسپ طریقے سے پڑھانے کے کیا طریقے ہو سکتے ہیں۔<br>یہ کتاب چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔ | | ٹیچر کیلئے نوٹ |

## سیشن 1

| | | |
|---|---|---|
| کلاس میں جن بچوں کو گانے بجانے کا شوق ہے ان کے دو گروپ بنوائیں اور ان سے کہیں کہ آپس میں پہلے طے کر لیں کہ وہ سب مل کر کون سا گانا گا سکتے ہیں۔ پھر یہ دونوں گروپ گھر پر ایک اچھے سے گانے یا گیت کی مشق کریں تاکہ اگلے دن وہ ایک کلاس میں performance دے سکیں۔ ٹیچر دونوں گروپ کے نام بورڈ پر دائیں اور بائیں جانب لکھ دیں۔ | • | 10 منٹ |
| ٹیچر دونوں گروپ سے پوچھیں کہ ان کو گانا گانے کا شوق کیسے ہوا اور کیا وہ گانے کی مشق کرتے ہیں۔ | • | |
| پھر ٹیچر بچوں کو کتاب پڑھ کر سنائیں۔ بعد میں چند بچوں سے کتاب کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔ ضرورت کے مطابق ٹیچر ان کی مدد کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ہجے کرکے پڑھنے کی کوشش کریں۔ مشکل الفاظ کو ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ | • | 10 منٹ |
| اب بچوں سے باری باری پوچھیں کہ کتاب میں کن جانوروں کا ذکر ہے جب بچے جانوروں کے نام بتائیں تو ٹیچر ان کو بورڈ پر لکھیں۔ جب کچھ بچے جانوروں کا نام بتاچکے ہوں تو سب بچوں سے کہیں کہ وہ ان ناموں کو اپنی اپنی کاپیوں پر اتاریں۔ اس کے بعد ٹیچر مختلف | • | 15 منٹ |

بچوں سے جانوروں کے نام کی انگریزی پوچھیں اور وہ بھی بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے اردو اور انگریزی میں جانوروں کے نام اپنی اپنی کاپی میں اتار لیں۔

گدھا (donkey) بندر (monkey) طوطا (parrot) گیڈر(jackal) ہاتھی (elephant) ریچھ (bear) شیر(lion) باگڑ بلا (wild cat)

10 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کون سے بچے مختلف جانوروں کی آوازیں نکالنا جانتے ہیں؟ بچے باری باری آواز نکالیں۔ اس قسم کی activity سے بچوں میں کتاب پڑھنے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔
- پھر جو دو گروپ بنائے تھے ان کو یاد دلائیں کہ کل وہ اپنا منتخب کیا ہوا گانا گا کر سنائیں گے۔ اگر بچے اس activity میں حصہ لینے میں شرما رہے ہوں تو ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

نوٹ

- گانا یا گیت منتخب کرنے میں ٹیچر بچوں کی رہنمائی کریں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- آج پانچ سے سات بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں اور اگر کسی بچے کو پڑھنے میں دشواری ہو تو اس کی مدد بھی کریں۔

20 منٹ

- اب وہ دونوں گروپ جنہوں نے گانے کی تیاری کی ہے ان کو کلاس کے سامنے بلائیں اور ان سے باری باری گانے کو کہیں۔ ٹیچر بھی ساتھ ساتھ گائیں۔ اس سے بچوں میں گانے کا شوق بھی پیدا ہوگا اور گانے میں مدد بھی ملے گی۔

15 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ تین چار دن بعد پورے اسکول کے سامنے یا کسی اور

کلاس کے سامنے ایک موسیقی کا پروگرام کرنا چاہیں گے۔ (بچوں سے پوچھنے سے پہلے ٹیچر اس کی اجازت ہیڈ مسٹریس سے بھی لے لیں)۔ شاید بچے شروع میں ہچکچائیں گے ۔ ٹیچر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ گروپ میں سے ایک دو بچوں کو اکیلے گانے کی تیاری کروائیں اور باقی بچوں کو تین چار کے گروپ میں بانٹ کر ان کو الگ الگ گانے دیں۔ جس کی وہ پہلے گھر پر مشق کریں۔ (اس کام میں طبلہ اور ہارمونیم کا ہونا بہت ضروری ہے۔ اس کے لئے شاید کسی استاد کا انتظام کرنا پڑے گا۔ ٹیچر خود تین یا چار گانے یا نظم کا انتظام پہلے سے کرلیں جو بچوں کو یاد کرنے کو دیں یا بچے کاغذ پر سے پڑھ کر گائیں۔)

گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر پر کتاب کو غور سے پڑھ کر آئیں ۔کل املا کرایا جائے گا۔
  گانا ' باجا ' ڈرم ' ستار ' طبلہ ' گیڈر ' ہارمونیم ' چنگھاڑ
  بانسری ' ڈفلی ' دہاڑ ' گٹار ' جنگل ' باگڑ بلا ' شور۔

## سیشن 3

25 منٹ

- آج ٹیچر کلاس میں املا لیں۔ بچے کاپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بورڈ پر وہ الفاظ لکھیں اور بچے ان کی تصحیح کرکے نمبر دیں۔

20 منٹ

- اب ٹیچر کلاس میں ہونے والے موسیقی کے پروگرام کی مشق کروائیں۔ جو بچے اکیلے گانے گائیں گے ان سے گانا گانے کو کہیں اور جو بچے گروپ میں گائیں گے ان کی بھی مشق کروائیں۔ اگر وقت مل سکے اور پرنسپل اجازت دیں تو اگلی کلاس بھی لے کر مشق کروائیں تاکہ بچوں میں گانے کی مہارت کافی حد تک آجائے۔

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • جن بچوں نے اب تک سبق کی پڑھائی نہیں کی ہے ان میں سے سات یا آٹھ بچوں سے باری باری سبق کی پڑھائی کروائیں۔ جہاں دشواری ہو وہاں ٹیچر ان کی مدد کریں۔ |
| 30 منٹ | • اب ٹیچر بچوں سے باری باری پوچھیں کہ کتاب ''بینڈ باجا'' میں کن سازوں کا ذکر ہے۔ جوں جوں بچے بتاتے جائیں ٹیچر وہ الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو بولنے کا موقع ملے۔ جب یہ الفاظ بورڈ پر لکھ لیں تو بچوں سے ان کی انگریزی پوچھیں اور وہ بھی ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ دیں۔ ڈرم (drum) ستار (sitar) طبلہ (tambourine) ہارمونیم (harmonium) بانسری (flute) ڈفلی (small tambourine) گٹار (guitar) بچے ان الفاظ کو اپنی کاپی میں اتاریں۔ پھر ٹیچر ان سے کہیں کہ وہ ان الفاظ میں سے کسی 5 الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ٹیچر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • کلاس میں بچے ایک دوسرے سے کاپیاں تبدیل کریں اور جملے check کرنے کا کام کریں۔ |

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 25 منٹ | • ہم آواز الفاظ جمع کریں اور مختلف سازوں کے نام استعمال کرکے بچوں سے نظم بنوائیں۔ اس کام میں ٹیچر بچوں کی مدد ضرور کریں۔ |

| | |
|---|---|
| نوٹ | • اگر اردو اور انگریزی الفاظ ملا کر نظم بنائی جائے تو بہت اچھی تک بندی کی جاسکتی ہے۔ |

نظم

کتے نے گٹار بجایا　　طوطے نے گانا گایا
گدھے کی سن کر ملہار　　رو دیا بندر زار زار
ڈفلی بانسری ہارمونیم　　جنگل میں تھا ایک اودھم
ناچنے جو لگا ہاتھی　　ہنس دیئے اس کے سارے ساتھی

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • جن بچوں نے اب تک سبق کی پڑھائی نہیں کی ہے ان سے پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ |
| 10 منٹ | • اب ٹیچر کسی ایک مشہور band کے مشہور گانے کو لکھ کر لائیں اور بچوں سے پاکستان میں مختلف bands کے نام پوچھیں (مثلاً وائٹل سائن، اسٹرنگ) اور ان کا کوئی مشہور گانا (مثلاً دل دل پاکستان) سب بچے مل کر گائیں۔ |

## سیشن 6

| | |
|---|---|
| 45 منٹ | • آج بچوں کو بتائیں کہ کل ان کا concert ہوگا۔ لہذا ہم اس کی آخری تیاری کریں گے۔ اس کی فائنل مشق میں کسی ایک استاد اور ان کے ساتھ ایک طبلہ نواز اور ہارمونیم کا ہونا ضروری ہے۔ جب کچھ بچے مشق کررہے ہوں تو دوسرے بچے خاموشی سے بیٹھیں گے اور باقی کلاس کو ڈسٹرب نہیں کریں گے۔ |
| | • اگر کسی اسکول کیلئے یہ موسیقی کا پروگرام کرنا ممکن نہ ہو تو وہ سیشن 6 میں مندرجہ ذیل کام کروائیں۔ |

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کھولیں اور سبق کو غور سے پڑھیں۔ جب پڑھ لیں تو کتاب کے مضمون کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی زبان اور اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیں۔ یہ مضمون کم از کم 10 جملوں کا ہونا چاہیے۔ اگر کچھ بچے کسی اور topic پر لکھنا چاہیں تو اس کی بھی اجازت ہونی چاہیے۔ (مثلاً ''میرے کتے نے گٹار بجایا'' ''جب ایک دن ہم نے اور ہماری بکری نے گانا گایا'' وغیرہ)۔

## سیشن 7

45 منٹ

- آج اسکول کے سامنے موسیقی کا پروگرام ہوگا۔ پروگرام شروع کرنے سے پہلے ٹیچر سامعین کو بتائیں کہ آج کل ہماری کلاس کے بچے کتاب بینڈ باجا پڑھ رہے تھے پھر ٹیچر تاثرات کے ساتھ کتاب پڑھ کر سنائیں اور پھر ان کو بتائیں کہ آج کا موسیقی کا پروگرام اسی کتاب کے حوالے سے ہے۔

# بینڈ باجا

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories